شمارہ نمبر
09

# خبر نامہ انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

اکتوبر 2019ء بمطابق صفر المظفر 1441ھ

## فرمانِ الٰہی

وَاَنۡفِقُوۡا مِنۡ مَّا رَزَقۡنٰکُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ اَحَدَکُمُ الۡمَوۡتُ فَیَقُوۡلَ رَبِّ لَوۡلَاۤ اَخَّرۡتَنِیۡۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیۡبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَکُنۡ مِّنَ الصّٰلِحِیۡنَ (سورۃ المنافقون10)

اور خرچ کرو اس میں سے جو ہم نے بطور رزق تمہیں عطا کیا ہے اس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کی موت آجائے اور وہ یہ کہے اے میرے رب مجھے کیوں نہ دی کچھ مہلت تا کہ میں اپنا سب کچھ صدقہ کر دیتا اور ہو جاتا نیکو کاروں میں سے۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

عن أَبِي أُمَامَةَ رضی اللہ عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللہ ﷺ: يَا ابْنَ آدَمَ، إِنَّكَ أَن تَبْذُلَ الفَضْلَ خَيرٌ لَكَ وأَن تُمسِكَهُ شَرٌّ لَكَ وَلا تُلامُ عَلى كَفَافٍ وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ، واليَدُ العُليَا خَيرٌ مِنَ اليَدِ السُّفْلٰى (رواه مسلم)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اے آدم کی اولاد اپنی ضرورت سے زائد مال خرچ کر دینا تیرے لیے بہتر ہے اگر تو اس کو روک لے گا تو تیرے لیے برا ہو گا اور کفالت کی حد تک جمع کر لینے میں ملامت نہیں ہے اور جب خرچ کرو ابتداء اپنے اہل و عیال سے کرو اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ اکتوبر کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔آمین

قارئین محترم ستمبر کا مہینہ مسلمانان پاکستان کے لیے بالخصوص اس حوالے سے انتہائی اہم اور تاریخی حیثیت کا حامل ہے کہ 7 ستمبر 1974 کو پاکستان کی قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر برصغیر میں انگریز کے خود کاشتہ بدبودار فتنہ قادیانیت کے حوالے سے ایک تاریخی فیصلہ کیا اور قادیانیوں کو متفقہ طور پر کافر قرار دیا۔ قارئین محترم عقیدہ ختم نبوت ہماری شہ رگ حیات ہے اور 1440 سال سے مسلمانوں کے تمام فرقوں میں عقیدہ ختم نبوت پر قطعی کوئی اختلاف نہیں ہے کہ نبی اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ ﷺ کے بعد کسی کو کسی طرح کا بھی نبی ماننا بدترین کفر ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے سچے امتی ہونے اور آپ ﷺ سے محبت کا ایک تقاضہ یہ بھی ہے کہ ہم فتنہ قادیانیت کے حوالے سے انتہائی حساس رہیں اور دوسروں کو بھی اس سے آگاہ کریں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ہر قسم کے فتنوں سے محفوظ فرمائے (آمین)

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیر تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

رجوع الی القرآن کورس کا چھبیسواں الحمدللہ جاری ہے۔رواں ماہ حضرات و خواتین کی تعداد تقریباً70 ہے۔حلقات و دینیات کورسز میں عربی گرامر کلاس بنام "قرآن اب آسان "ہفتہ میں تین دن بروز پیر ،بدھ اور جمعرات ،ناظرہ کلاس بمع تجوید بعد نماز فجر ،حدیث کلاس بنام "مطالعہ و تفہیم ریاض الصالحین" ہفتہ میں دودن بروز بدھ اور جمعہ بعد نماز مغرب جاری ہیں۔قرآن حکیم کی صرفی ونحوی ترکیب کی کلاس کا آغاز بروز ہفتہ 28 ستمبر 2019 سے ہو چکا ہے۔حلقات و دورات دینیہ برائے خواتین میں عربی گرامر کورس بنام "قرآن اب آسان کورس"ہفتہ میں دودن بروز پیر اور جمعرات اوقات 3:30 تا 4:30، تجوید کلاس بنام : "ناظرہ القرآن کورس "ہفتہ میں دو دن منگل اور جمعرات اوقات صبح 10:00 سے 12:00، ترجمہ قرآن کی کلاس بنام "ترجمہ قرآن کورس" ہفتہ میں چار دن پیر ،منگل، جمعرات اوت جمعہ اوقات 03:30 تا 04:30 جاری ہیں۔ اسٹاف کی علمی اور اخلاقی تربیت کیلیے روزانہ صبح 09:10 بجے سے 09:30 تک کلاس ہوتی ہے۔ مسجد میں نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین، نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔ فجر کے بعد مطالعہ سیرۃ النبی ﷺ، ظہر کی نماز کے بعد بیان القرآن کا مطالعہ، عصر کے بعد تذکیر بالحدیث اور ہر اتور کو ظہر کے بعد دورہ ترجمہ قرآن کا اہتمام ہے۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس میں تدریس کا سلسلہ جاری ہے اس ماہ طلبہ و طالبات کی مجموعی تعداد 111 ہے۔ جبکہ نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس میں بھی تدریس کا سلسلہ جاری ہے۔مدرسۃ القرآن للحفظ و القراءۃ میں شعبہ حفظ میں 70 ،درجہ ناظرہ میں 22 اور درجہ قاعدہ میں 3 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ماہ رواں میں شعبہ حفظ کے طلبہ کرام کا سہ ماہی امتحان منعقد کیا گیا اس کے علاوہ طلبہ کرام کے لیے تربیتی نشست کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں طلبہ نے تلاوت ترجمہ، احادیث مبارکہ، مسنون دعائیں اور آداب زندگی کے حوالے سے بیان کیا۔نشست کے آخر میں قاری حفیظ الرحمٰن صاحب نے سورۃ الحجرات آیت 2 کی روشنی میں والدین و اساتذہ کرام کے ادب پر تفصیلی بیان دیا۔ مدرسۃ البنین والبنات درجہ قاعدہ میں 60 طلبہ اور 42 طالبات زیر تعلیم ہیں جبکہ درجہ ناظرہ میں 24 طلبہ اور 33 طالبات زیر تعلیم ہیں۔

رہائشی ملازمین اور اہل محلہ کے لیے تعلیم بالغان بعد نماز مغرب مسجد ھٰذا میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد ہوتی ہے۔الحمدللہ 23 ستمبر 2019 سے حلقات و دورات دینیہ (Short Courses) کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے جس کی بھرپور انداز میں تشہیر کی گئی ۔ تفصیلات کے لیے قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا قرآن اکیڈمی یٰسین آباد کے نمبر 0331-7292223 پر رابطہ کریں۔خادمین ادارہ کی دینی و اخلاقی تربیت مختصر دورانیہ کی کلاس منعقد ہوتی ہے۔ بعد نماز ظہر طلبہ کی مشق کے لیے تذکیر بالقرآن اور تذکیر بالحدیث کی مختصر نشست ہوتی ہے۔بعد نماز عشاء درس قرآن کا اہتمام ہوتا ہے جس میں مدرس کے فرائض جناب محمد ارشد صاحب جبکہ اتوار بعد نماز ظہر درس حدیث منعقد ہوتا ہے اس درس حدیث میں مدرس کے فرائض استاذ عاطف محمود صاحب ادا کرتے ہیں۔27 ستمبر 2019 بروز جمعۃ المبارک کو مولوی عبدالحیٔ صاحب (مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت) نے خطاب جمعہ قادیانیت کے فتنہ کے موضوع پر فرمایا۔ مدیر ادارہ جناب سید سلیم الدین صاحب نے ناظرہ قرآن حکیم کی تعلیم کو مزید عام کرنے کے لیے آن لائن ناظرہ قرآن حکیم شروع فرمایاہے۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں رجوع الی القرآن کورس کے چوتھے بیچ میں تدریس کا سلسلہ بحسن وخوبی جاری ہے۔شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز جاری ہیں ۔ دی ہوپ اسلامک اسکول میں "First Term" کے امتحانات مکمل ہوگئے ہیں جس کے بعد تدریس کا سلسلہ جاری ہے ۔ مدرسۃ القرآن میں حفظ وناظرہ اور قاعدہ میں تدریس کا عمل جاری ہے۔حفظ القرآن میں 23 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 100 طلبہ زیر تعلیم ہیں اسی طرح بنات میں 132 طالبات زیر تعلیم ہیں۔مدرسۃ القرآن طلبہ کی تربیت کے لیے ہر ہفتہ تربیتی کلاس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔جامع مسجد طیبہ میں ہر جمعرات بعد نماز عشاء درس قرآن منعقد ہوتا ہے جس میں مدرس کے فرائض مدیر ادارہ جناب نعمان اختر صاحب ادا کرتے ہیں۔ادارہ ھٰذا کے تحت ایک مجلس نکاح کا انعقاد کیا گیا جس میں خطبہ نکاح

اور اصلاحی بیان کی ذمہ داری جناب نعمان اختر صاحب نے ادا کی۔ حلقہ خواتین کے تحت ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو 4 بجے ماہانہ درس قرآن منعقد ہوتا ہے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

رجوع الی القرآن کورس میں تدریسی سرگرمیاں جاری رہیں۔ ہفتہ کے دن منتخابات علوم دینیہ کورس بھی الحمدللہ جاری ہے اسی طرح ہفتہ وار دروس اللغۃ العربیہ کورس 14 ستمبر سے اور 8 سے 12 سال کے بچے بچیوں کے لیے ہفتہ وار تربیتی کورس 21 ستمبر سے شروع ہوا ہے۔ مسجد جامع القرآن گلستان جوہر میں خطاب جمعہ کے فرائض مدیر ادارہ جناب استاذ ڈاکٹر انوار علی صاحب انجام دے رہے ہیں۔ مدرسۃ القرآن میں بچوں کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے دعائیں اور نماز سکھانے کا اہتمام ہوتا ہے۔ شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید کی کلاس ہفتہ میں دو دن منعقد ہوتی ہے اسی طرح بروز بدھ عشاء کی نماز کے بعد درس قرآن کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ادارہ کے تحت مختلف تناظیم کے ہفتہ وار پروگرامز کا انعقاد جاری رہا، ادارے کے تحت وقتاً فوقتاً مجالس نکاح کا انعقاد بھی جاری رہا۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

الحمدللہ صبح کے اوقات میں خواتین وحضرات کے لیے رجوع الی القرآن کورس کی تدریس باقاعدگی سے جاری ہے جس میں 12 حضرات اور 21 خواتین شرکت کر رہے ہیں جبکہ نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس کی تدریس بھی باقاعدگی سے جاری ہے۔ ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کا سلسلہ بھی الحمدللہ جاری ہے ۔ مغرب تا عشاء تعلیم بالغان کا سلسلہ بھی جاری ہے جس میں بڑی عمر کے حضرات کے لیے ناظرہ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے ۔ ہر اتوار صبح 11 تا 1 بجے بچوں اور بچیوں کے لیے علم فاؤنڈیشن کے نصاب کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے بچوں میں تدریس کی ذمہ داری جناب فاروق پاشا صاحب اور بچیوں میں مسز احسن قائم خانی صاحبہ ادا کر رہی ہیں۔ ہر اتوار بعد نمازِ عشاء درسِ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے مدرس کی ذمہ داری جناب فاروق ناغڑ صاحب ادا کر رہے ہیں۔ الحمد للہ تنظیمِ اسلامی لطیف آباد تحت خواتین کے لیے دوپہر کے اوقات میں تین ماہ پر مشتمل دینیات کورس کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کی نگرانی مقامی امیر لطیف آباد جناب احسن قائمخانی صاحب کی اہلیہ ادا کر رہی ہیں 18 خواتین کورس میں داخلہ لے چکی ہیں۔

ان شاءاللہ اس ماہ اکتوبر سے حضرات وخواتین کے لیے ہفتہ اور اتوار کے روز ایک شارٹ کورس کا آغاز کیا جارہا ہے جس کا مقصد اُن حضرات وخواتین کو دینی علوم سے بہرہ ور کرنا ہے جو پورے ہفتے تعلیمی یا معاشی مصروفیات میں مشغولیت کی وجہ سے وقت نکالنے سے قاصر ہیں۔ اس کورس کا دورانیہ 3 ماہ: اوقات شام 02:30 تا 05:00 بجے ۔ مضامین : عربی گرامر ، فقہ العبادات ، سیرت النبی ﷺ اور خصوصی محاضرات شامل ہونگے۔ جمعہ کے دن مغرب تا عشاء دعوتِ فکرِ اسلامی مہم کے تحت ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی ابو ظہبی ویڈیو سیریز کی ویڈیوز دکھانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

## قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی میں ماہ ستمبر میں تعلیمی و تدریسی سرگرمیاں حسب معمول جاری رہیں۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقرآۃ شعبہ حفظ میں 47 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ شعبہ ناظرہ (للبنین و البنات) میں 124 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ 15 روزہ درسِ قرآن بروز جمعہ بعد نماز مغرب منعقد ہوتا ہے۔ مدرس کے فرائض ناظم قرآن مرکز جناب محمد ہاشم صاحب ادا کرتے ہیں۔ الحمدللہ قرآن مرکز میں 2 ستمبر سے حضرات وخواتین کے لیے دینیات کورس کا آغاز ہوچکا ہے۔ کورس کے مضامین تجوید، عربی گرامر، فکرِاسلامی (خصوصی لیکچر سیریز) ہیں۔ کلاسز ہفتہ میں تین دن پیر، منگل، بدھ بعد نمازِ مغرب منعقد کی جارہی ہیں۔ شرکاء کی تعداد 14 حضرات اور 31 خواتین شامل ہیں۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات و دروس

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس** میں گزشتہ ماہ درس قرآن وحدیث مورخہ 6 ستمبر 2019 بروز جمعۃ المبارک بعنوان "کل کی فکر اور آج کی تیاری" مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کیے۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں گزشتہ ماہ درس قرآن و حدیث مورخہ 7 ستمبر 2019 بروز ہفتہ بعنوان "کل کی فکر اور آج کرنے کے کام" بعد نماز عشاء مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کیے۔

خصوصی محاضرہ بعنوان "محرم الحرام فضائل و مسائل" پر منعقد ہوا جس میں تدریس کے فرائض ناظم تعلیم قرآن اکیڈمی یٰسین آباد جناب عاطف محمود صاحب نے ادا کیے جبکہ "عقیدہ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" پر خصوصی نشست منعقد کی گئی جس میں تدریس کی ذمہ داری مولوی عبدالحئی مطمئن صاحب (مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت) کے ذمہ تھی۔

فکر اسلامی کے ضمن میں "امت مسلمہ کے عروج و زوال" پر لیکچر منعقد کیا گیا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا کی۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی**

گزشتہ ماہ فکر اسلامی کے ضمن میں دو لیکچرز منعقد کیے گئے "دین کا ہمہ گیر تصور" اور "دینی فرائض کا جامع تصور" جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب نعمان اختر صاحب نے ادا کی۔ جبکہ 23 ستمبر 2019 بروز پیر تا 26 ستمبر 2019 بروز جمعرات خصوصی محاضرہ کے تحت "تحفظ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" کا انعقاد کیا گیا جس میں تدریس کے فرائض مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت جناب مولوی عبدالحئی مطمئن صاحب نے ادا کی۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں گزشتہ ماہ 13 ستمبر 2019 بروز جمعۃ المبارک عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مقامی مبلغ جناب توصیف احمد صاحب نے ایک گھنٹے پر مشتمل لیکچر میں برصغیر میں انگریز کے فتنہ قادیانیت کو پیدا کرنے سے لے کر 1974 میں قادیانیوں کو کافر قرار دیے جانے کی مختصر تاریخ بیان کی۔

فکر اسلامی کے تحت دو لیکچرز منعقد کیے گئے "امت مسلمہ کا عروج و زوال" اور "احیائے عمل کے 3 گوشے" جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا کی۔

**قرآن مرکز لانڈھی** میں 15 ستمبر 2019 بروز اتوار قرآن مرکز لانڈھی میں "ہماری دینی ذمّہ داریاں" کے عنوان سے خصوصی خطاب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں مدرّس کی ذمّہ داری خطیب مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب عامر خان صاحب نے ادا فرمائی۔ شرکاء کی اوسط تعداد 60 (حضرات و خواتین) رہی۔

## اعلانات

**قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر** میں رواں ماہ ادارہ ہٰذا میں "عقیدہ ختم نبوت" کے حوالے سے (قادیانی فتنہ اور ملت اسلامیہ کا مؤقف) کتاب کا مطالعہ مولوی عبدالحئی مطمئن صاحب (مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت) کروائینگے۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں رواں ماہ ادارہ ہٰذا میں "عقیدہ ختم نبوت" کے حوالے سے 6 گھنٹوں پر مشتمل تفصیلی لیکچرز منعقد ہونگے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب توصیف احمد صاحب (مقامی مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت) ادا کرینگے۔

# شعبۂ سمع و بصر

## قرآن فورم:

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سرانجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 1 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پر بھی ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ رواں ماہ (ستمبر 2019ء) درجِ ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

مسئلۂ کشمیر اور ہماری ذمہ داری، شہادت حق اور ہماری ذمہ داری، دین اسلام کا جامع تصور، دینی فرائض کا جامع تصور۔

## اسلام چینل اردو (UK)

اسلام چینل اردو (UK) پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے حسب ذیل پروگرام ہر ہفتہ نشر ہوتے رہے:

- حقیقت (مدرّس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 30 منٹ
- تعلیمات قرآن (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ
- پیغام سیرت (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ